سوال

(548) حضرت علی رضی اللہ عنہ بن ابی طالب کی اولاد

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حضرت علی رضی اللہ عنہ بن ابی طالب کی اولاد کے نام بتائیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

آپ کے بچوں کی تعداد 28 سے زیادہ تھی۔ حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا سے آپ کو تین فرزند ہوئے۔ حضرت محسن، امام حسن اور حضرت حسین رضی اللہ عنہم، جبکہ ایک صاحبزادی حضرت زینب رضی اللہ عنہا بھی حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا سے تھیں۔ باقی ازواج سے آپ کو جو اولاد ہوئی، ان میں حضرت حنیفہ، حضرت عباس بن علی شامل ہیں۔ علی ابن طالب کی اولاد یہ ہیں:

حضرت حسن رضی اللہ عنہ، حضرت حسین رضی اللہ عنہ، حضرت زینب رضی اللہ عنہا، حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہا، حضرت عباس رضی اللہ عنہا۔ عمر ابن علی۔ جعفر ابن علی۔ عثمان ابن علی۔ محمد الاکبر (محمد بن حنفیہ)۔ عبداللہ۔ ابوبکر۔ رقیہ۔ رملہ۔ نفیسہ۔ خدیجہ۔ ام ہانی۔ جمانی۔ امامہ۔ مونا۔ سلمیٰ

ہذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

کتاب الصلاۃ جلد 1